سوال

(399) نماز میں کپڑوں کا پورا ہونا ضروری ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرے پاس قمیض، پائجامہ، کوٹ وغیرہ ہے گرمی کی وجہ سے ایک رومال اوڑھ کر اور پائجامہ پہن کر نماز پڑھتا ہوں۔ نصف حصہ پیٹ کا اور ناف کے نیچے چار انگل اور کبھی دو انگلی کھلا رہتا ہے۔ ایسی حالت میں نماز ہوتی ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ستر کی جگہ کو ڈھانپ کر نماز پڑھے تو نماز ہو جائے گی، مگر افضل یہ ہے کہ کپڑے پہن کر نماز پڑھے، کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا زیادہ عمل اسی پر رہا ہے۔ واللہ اعلم! (۲۰ دسمبر ۱۹۳۷ء، فتاویٰ ثنائیہ جلد نمبر ۱ ص ۳۳۳)

فتاویٰ علمائے حدیث

كتاب الصلاة جلد 1 ص 197

محدث فتویٰ